علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ فاصلاتی، غیر رسمی و تعلیم جاریہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، کی "مواد کیچوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: غیر رسمی تعلیم میں تدریسی معاونات (DNFE103) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: سرٹیفکیٹ ان لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100　　　　کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 5-1)

سوال نمبر 1۔ عصر حاضر میں تعلیمِ بالغاں کی اہمیت اور ضرورت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تدریس میں مقامی وسائل کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے؟ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ تدریسی امداد کا تصور اور خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ طلباء کے تعلیمی عمل میں سیکھنے کے انداز کی اقسام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ غیر رسمی طلبہ کی تعلیم کے لئے فیلڈ ٹرپ کو کس طرح بہتر استعمال کیا جاسکتا ہے؟ تفصیلاً لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100　　　　کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 9-6)

سوال نمبر 1۔ تدریسی عمل میں تدریسی معاونات کی اہمیت کیا ہے؟ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ غیر رسمی تعلیم میں ٹیلی ویژن کے فوائد اور نقصانات واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ غیر نشریاتی ابلاغ کی تیاری کے مراحل کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں:

1۔ موبائل فون کا استعمال

2۔ سکول / کالج پروڈکشن (20)

سوال نمبر 5۔ باہمی تعلیم (Ubiquitous Learning) سے کیا مراد ہے؟ اس کے فوائد بیان کریں۔ (20)